سوال

موبائل پر اسلامی ٹون لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا موبائل پر اسلامی ٹونز لگانا جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی ٹون سے کیا مراد ہے؟اگر تو قرآن مجید کی تلاوت یا حمد ونعت یا اذان ہے تو اس کے جواز میں کئی اشکالات ہیں مثلا اس تلاوت کے دوران ایسی جگہ فون رسیو کر لیا جاتا ہے جہاں تلاوت کے اعتبار سے وقف حرام ہوتا ہے یا معنی نامکمل ہوتا ہے۔ اسی طرح ایسی ٹونز تلاوت، حمد ونعت یا اذان اگر واش روم میں بجنے لگ جائیں تو اس میں بھی بے ادبی کا ایک پہلو موجود ہے وغیرہ۔ بعض اہل علم نے تلاوت قرآن یا اذان یا ذکر الہی یا دعا وغیرہ کو ٹون کے طور لگانے کو ان کی اہانت کے مترادف قرار دیا ہے کیونکہ یہ عبادات ہیں اور ان کا مقصود تقرب الی اللہ ہے نہ کہ کسی کو کسی کے پیغام پر متنبہ کرنا جو کہ الارم یا ٹونز وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی